22757 ـ کیا عورت کو چھونے سے وضوء ٹوٹ جاتا ہے ؟

سوال

کیا یہ صحیح ہے کہ جب بھی کسی غیر محرم عورت کو ہاتھ لگاؤں تو مجھے نیا وضوء کرنا ہو گا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اللہ تعالی اور یوم آخرت پرایمان رکھنے والے مرد کے لیے کسی بھی غیر محرم اور اجنبی عورت کو چھونا حلال نہیں، اس میں علماء کرام کے اقوال اور دلائل کی تفصیل دیکھنے کے لیے آپ سوال نمبر (21183) کے جواب کا مطالعہ کریں.

عورت کو ہاتھ لگانے سے وضوء ٹوٹنے میں علماء کرام کا اختلاف ہے، لیکن صحیح یہی ہے کہ اس سے وضوء نہیں ٹوٹتا، اس کی تفصیل آپ سوال نمبر (2178) کے جواب میں دیکھ سکتے ہیں.

اور اس میں یہ کوئی فرق نہیں کہ عورت اس کی محرم ہو یا اجنبی یا اس کی بیوی ہو.

واللہ اعلم .